پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

08/12/2021

فصلوں کی پیداوار اور اعداد وشمار کی ڈاٹا بینک اسکیم کے تحت 95.03 لاکھ روپئے منظور

لکھنؤ: ۸/ دسمبر ۲۰۲۱ء-

حکومت اتر پردیش نے فصلوں کی پیداواریت اور پیداوار کے اعداد وشمار (ڈاٹا بینک) اسکیم کے تحت 95.03 لاکھ روپئے کی منظوری جاری کر دی ہے۔محکمہ زراعت کے اسپیشل سکریٹری جناب راجندر سنگھ نے یہ معلومات فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ اس سلسلہ میں حکم نامہ جاری کر دیا گیا ہے۔ جناب سنگھ نے بتایا کہ اس اسکیم کے تحت 394.50 لاکھ روپئے کا بندوبست کیا گیا ہے۔منظور رقم کا استعمال اسی مد میں کیا جائے گا، جس کے لیے منظوری ملی ہے۔

جاری حکم نامہ کے مطابق منظور رقم کی نکاسی یک مشت نہ کرتے ہوئے ضرورت کے مطابق کی جائے گی۔ نیز محکمہ مالیات کے ذریعہ وقتاً فوقتاً جاری احکامات پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔

☆☆☆☆☆